© rasailojaraid.com



**اسلامی اصولِ انتخاب** مصنف نعیم صدیقی۔ ناشر مکتبہ چراغ راہ کراچی۔ کتابت وطباعت اچھی۔ ضخامت $\frac{20 \times 30}{16}$ کے ۹۶ صفحات قیمت ایک روپیہ۔

اس کتاب میں مصنف نے پہلے اسلام کے اندر دین و سیاست کی آمیزش پر گفتگو کی ہے۔ پھر اسلام کے سیاسی نظام کا تجزیہ کر کے پاکستان میں اس کے امکانات بتائے ہیں۔ اس کے بعد مدینہ طیبہ کی اوّلین اسلامی ریاست کو نمونے کی حیثیت سے لے کر اس کے نقطۂ نظر سے اسلام کے سیاسی نظام اور اس کے اصولِ انتخاب کی تشریح کی ہے اور اس سلسلے میں خلافتِ راشدہ کے اصولِ انتخاب پر بحث کرتے ہوئے ان بہت سے اعتراضات کا خوب جواب دیا ہے جو اسلامی اصولِ انتخاب پر کیے جاتے ہیں۔ آخری فصل دورِ حاضر کے حالات میں اسلامی اصولِ انتخاب کے استعمال پر ہے اور یہی اصل مقصودِ کتاب ہے۔ اس میں مصنف نے ایک ایک کر کے ان خرابیوں کا سدِّباب کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے جو آج کل کے انتخابات کو ایک کھیل بنا دیتی ہیں اور پھر ان خصوصیات کا ذکر کیا ہے جو اسلامی طریقۂ انتخاب میں پائی جاتی ہیں اور جن کو رواج دیا جانا چاہیے۔ کتاب یقیناً اس قابل ہے کہ اس کو ہر وہ شخص پڑھے جسے سیاسیات سے کوئی دلچسپی ہو۔ اس میں صرف مسلمانوں ہی کے لیے نہیں بلکہ غیر مسلموں کے لیے بھی بہت سے سبق ہیں۔ افسوس ہے کہ اس کتاب میں کتابت کی بعض ایسی غلطیاں ہیں جن کو مکتبہ چراغ راہ کی کسی کتاب میں نہ ہونا چاہیے تھا۔

---


# تفہیم القرآن کا عکسی ایڈیشن

شائع کرنے کے لیے اعلیٰ درجہ خوش خط عربی۔ اردو کے خوشنویس حضرات مختلف جلی اور خفی قلموں سے کتابت کے نمونے بمعہ نرخ اشتہار پر ارسال فرمادیں۔ سائز $\frac{22 \times 29}{8}$ کے نمونے ڈیوڑھے یا دگنے آنے چاہئیں۔

ناظم مکتبہ تعمیر انسانیت ۲۵۰ گھیر گلی موچی دروازہ لاہور


© rasailojaraid.com